# اُردو ھدایات برائے امیدواران

سکریننگ ٹیسٹ کے طریقہ کار اور تحریری امتحان میں کامیابی کے نمبروں کی وضاحت درج ذیل ہے۔

1) سکریننگ ٹیسٹ اس صورت میں ہوتا ہے جہاں کسی مشتہر شدہ آسامی کے برخلاف چار یا چار سے زیادہ امیدواران ہوں اس ٹیسٹ میں کامیاب ہونے کے لئے قانون میں کوئی مخصوص نمبر مقرر نہیں کئے گئے بلکہ آسامیوں کی تعداد اور امیدواران کے نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمانہ سلیکشن کمیٹی کا یہ اختیار ہے کہ وہ چھانٹی / شارٹ لسٹنگ کے لئے کوئی بھی پیمانہ مقرر کرے۔

2) یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ سکریننگ ٹیسٹ میں حاصل کردہ نمبرات کی اگلے مراحل میں اور حتمی رزلٹ مرتب کرتے وقت کوئی اہمیت نہیں ہوتی اور محض شارٹ لسٹنگ / چھانٹی کی حد تک محدود ہیں۔ اصل نمبر کی تفصیل جس کی بنیاد پر حتمی میرٹ بنتا ہے درج ذیل ہیں۔

3) جہاں بنیادی مطلوبہ تعلیمی قابلیت میٹرک ہے (جیسا کہ جونیئر کلرک) وہاں پر بنیادی تعلیمی قابلیت کے 30 نمبر ہیں۔ اگر میٹرک 1st Division ہوگی تو 30 نمبر، اگر میٹرک 2nd Division ہوگی تو (20) نمبر اور اگر میٹرک 3rd Division ہوگی تو (10) نمبر ہیں۔

4) اعلیٰ تعلیم میٹرک سے زیادہ ہونے کی صورت میں Division یا Grade کی تمیز کے بغیر انٹرمیڈیٹ کے (05) پانچ، گریجویشن کے (07) سات اور ماسٹر ڈگری ہونے کی صورت میں (10) دس نمبر دیئے جاتے ہیں۔ یوں تعلیمی قابلیت کی بنیاد پر ایک اُمیدوار زیادہ سے زیادہ 40 نمبر حاصل کرسکتا ہے۔

5) تجربہ کے کل (10) دس نمبر ہوتے ہیں۔ جو کہ متعلقہ شعبہ کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ سرکاری ادارہ یا نیم سرکاری یا معروف پرائیویٹ ادارے کا تجربہ شمار کیا جاتا ہے۔ نیز ایک سال کے تجربہ پر (04)، دو سال پر (07) اور تین یا تین سے زیادہ سال کا تجربہ رکھنے کی صورت میں (10) دس نمبر دیئے جاتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

6) بقایا (50) پچاس نمبر میں سے (25) پچیس تحریری امتحان اور (25) پچیس نمبر انٹرویو کے ہوتے ہیں۔

7) ہر اُمیدوار کو کامیاب ہونے کیلئے کم از کم (12) بارہ نمبر تحریری امتحان اور اسی طرح (12) بارہ نمبر انٹرویو میں لینا ضروری ہیں۔ مندرجہ بالا طریقہ کار اور نمبرات کی تقسیم ضلعی عدلیہ سے متعلق پشاور ہائیکورٹ پشاور کی جانب سے وضع کردہ ریکرومنٹ پالیسی 2003ء سے ماخوذ ہے جو کہ جوڈیشل ایسٹا کوڈ نامی کتاب کے صفحات نمبر 485 تا 489 میں درج ہے۔ مذکورہ کتاب پشاور ہائیکورٹ اور ڈسٹرکٹ جوڈیشری مانسہرہ کی ویب سائیٹ پر موجود ہے۔

8) جہاں مطلوبہ بنیادی تعلیمی قابلیت انٹرمیڈیٹ ہے جیسا کہ جونیئر سکیل سٹینوگرافر وہاں تعلیمی قابلیت کے 30 نمبروں کی تفصیل یوں ہوگی۔

☆ انٹر اور میٹرک دونوں First Division ہونے کی صورت میں 30= 15+15 نمبر ہوں گے۔ 2nd Division کی صورت میں 10 اور 3rd Division کی صورت میں 05 نمبر ہوں گے۔ مثلاً اگر ایک اُمیدوار انٹر میں 2nd Division اور میٹرک میں 1st Division رکھتا ہے تو اُس اُمیدوار کو 15+10 ٹوٹل 25 نمبر دیئے جائیں گے۔

یہاں پر اس بات کی وضاحت بھی ضروری ہے کہ جن تعلیمی اداروں میں Division کے بجائے Grades کی بنیاد پر ڈگری دی جاتی ہے تو ہمارے قواعد و ضوابط کے مطابق گریڈ A اور B کو 1st Division، گریڈ C کو 2nd Division اور گریڈ D کو 3rd Division شمار کیا جاتا ہے۔

نیز اسی طرح جہاں ڈویژن یا Grade دونوں کا ذکر اسناد میں نہیں ہوتا بلکہ صرف حاصل کردہ نمبر یا GPA سسٹم درج ہوتے ہیں تو اُس صورت میں 45% سے کم نمبروں کو 3rd Division اور اس سے اوپر 59% تک کو 2nd Division اور 60% یا اس سے اوپر کو First Division گردانا جائیگا۔

Scanned with CamScanner

9) Sweeper کی پوسٹ کیلئے تعلیمی قابلیت کے کوئی نمبر نہیں ہیں البتہ Short list کرنے کیلئے اور خواندگی یعنی پڑھنے لکھنے کی صلاحیت جانچنے کیلئے Selection Committee کوئی بھی طریقہ کار بشمول تحریری امتحان وضع کر سکتی ہے جس کے بعد صرف انٹرویو کی بنیاد پر Selection کی جائیگی۔

10) اسی طرح ڈرائیور کی Post کیلئے اہل اُمیدواران کا Skill test یعنی ڈرائیونگ، ٹریفک قوانین کا علم، گاڑی کا مکینکل کام وغیرہ بابت امتحان اور انٹرویو لیا جائیگا۔

11) جن آسامیوں کیلئے Typing کی شرط لازم ہے (جونیئر کلرک، جونیئر سکیل سٹینوگرافر اور سینئر سکیل سٹیوگرافر) مطلوبہ ٹائپنگ سپیڈ میں کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائیگی۔ نیز ٹائپنگ سپیڈ بنیادی اہلیت کا حصہ ہے تاہم اس کیلئے کوئی نمبر مختص نہیں ہیں۔ البتہ سلیکشن کمیٹی انٹرویو کے دوران زیادہ ٹائپنگ سپیڈ کے حامل افراد کو ترجیح دے سکتی ہے۔

☆ ٹائپنگ سپیڈ کا ٹیسٹ Desktop یا Laptop پر بذریعہ Typing Master Tutor Software لیا جائیگا۔ اُمیدواران کو اپنا Key Board لانے کی اجازت نہ ہوگی۔

12) شارٹ ہینڈ ٹیسٹ کیلئے سلیکشن کمیٹی کسی سرکاری ادارے سے شارٹ ہینڈ ایکسپرٹ کی خدمات حاصل کرتی ہے۔

13) سکریننگ ٹیسٹ MCQ's پر مشتمل ہوتا ہے جس میں جنرل نالج، حالات حاضرہ، ملکی و بین الاقوامی حالات، سپورٹس، ادب اور آسامی سے متعلقہ شعبہ بابت مختلف الانواع سوالات پوچھے جاتے ہیں، جواب کے لئے Options ہوتے ہیں جبکہ Negative marking نہیں ہوتی۔

14) 25 نمبر کے تحریری امتحان میں اُردو اور انگریزی میں مہارت، Communication skills اور متعلقہ شعبہ سے متعلق سوالات پوچھے جاتے ہیں۔ جن کے جوابات کے ذریعے اُمیدواران کی مہارت، استعداد، متعلقہ موضوع پر عبور کا تعین کیا جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

15) انٹرویو میں اُمیدوار کی عمومی شخصیت، بول چال، خوداعتمادی، پیشہ وارانہ قابلیت وغیرہ کو جانچا جاتا ہے تاہم محض انٹرویو میں کامیابی اُمیدوار کی تعیناتی کی ضامن نہیں ہوتی بلکہ تعلیمی قابلیت، تجربہ اور تحریری امتحان کے حاصل کردہ نمبرات اور انٹرویو کے نمبرات کو مدنظر رکھ کر میرٹ ترتیب دیا جاتا ہے۔

16) مقررہ تاریخ 15.02.2023 کے بعد اُمیدواران کی فہرست آویزاں کی جائیگی جس کے بعد تقریباً ایک ہفتہ کے اندر ٹیسٹ/انٹرویو کے شیڈول کا اعلان کیا جائیگا اور اُمیدواران کو رولنمبر جاری کیئے جائیں گے۔ دیگر ہدایات گاہے بگاہے حسب ضرورت جاری کی جاتی رہیں گی۔

بحکم ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج،
مانسہرہ۔

Scanned with CamScanner